Şarkiyat Mecmuası
*Journal of Oriental Studies*

İSTANBUL UNIVERSITY PRESS

Şarkiyat Mecmuası - Journal of Oriental Studies 44, (2024): 125-138
DOI: 10.26650/jos.1415793

Araştırma Makalesi / *Research Article*

# جموں و کشمیر کی جدید اُردو غزل کا مطالعہ ماحولیاتی تنقید کے تناظر میں

# Çevre Eleştirisi Bağlamında Modern Urduca Cammu ve Keşmir Gazeli Üzerine Bir İnceleme

# A Study of Modern Urdu Ghazal of Jammu and Kashmir: An Ecocritical Perspective

Gulzar AHMED SOHIL[1]

**تلخیص**

جموں و کشمیر پوری دنیا میں اپنی تہذیب، جغرافیائی ساخت اور دلکش فطرتی مناظر کی وجہ سے اپنی ایک منفرد شناخت رکھتا ہے۔ یہ سرزمین ابتداء سے ہی علم وادب کے حوالے سے بہت زرخیز رہی ہے۔ جس سرزمین نے پنڈت کلہن، شاہ علی ہمدانی، شیخ العالم، لل دید، غنی کاشمیری، علامہ اقبال اور نہ جانے کتنے لال و گوہر پیدا کیں جنھوں نے اپنی تحریروں میں اس سرزمین کی فطرت کے متنوع پہلوؤں کو خوبصورت انداز میں پیش کیا ہے۔ جدید دور میں یوں تو ماحولیات کی صدا زندگی کے ہر شعبے میں سنائی دیتی ہے لیکن کوئی بھی چیز جب ادب کا پیرہن زیب تن کرتی ہے تو وہ سماج پر سب سے زیادہ اثرات مرتسم کرتی ہے۔ جب ہم جموں و کشمیر کی جدید اُردو غزل کا مطالعہ ماحولیاتی تنقید کے تناظر میں کرتے ہیں تو اس غزل کی جڑیں فنی اور فکری دونوں سطحوں پر اپنی سرزمین میں پیوست نظر آتی ہیں۔ اس غزل میں جہاں ایک طرف جدید دور میں ماحولیات کے حساس مسائل جن میں، موسمی تبدیلی، گلوبل وارمنگ، ماحولیاتی توازن وغیرہ کی طرف توجہ مبذول کروائی ہیں تو دوسری طرف ماحولیاتی تبدیلیوں سے قدرتی سرمائے پر ثبت ہونے والے منفی اثرات کا عکس بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ علاوہ ازیں ان غزلوں میں جہاں ایک طرف شاعر ماحولیات اور تہذیب کو ایک ہی لڑی میں پرو کر اس کے تحفظ کی ترغیب دیتے ہوئے نظر آتے ہیں تو دوسری طرف غزل گو فطرت کی وحشت اور آزادانہ وجود کی حمایت بھی کرتے ہیں تاکہ لوگوں میں ماحولیاتی حساسیت کے تصور کو اُبھارا جائے یہی ماحولیاتی ادب کے اختصاصی نقوش ہیں۔

کلیدی الفاظ: ماحولیاتی تنقید، جموں و کشمیر، ماحولیاتی توازن، گلوبل وارمنگ، موسمی تبدیلی۔

**ÖZ**

Cammu ve Keşmir coğrafi yapısı ve müthiş doğal güzellikleriyle tüm dünyada ayrıcalıklı bir yere sahiptir. Bu topraklar ilk dönemlerden itibaren ilmî ve edebî açıdan oldukça verimli olmuştur. Pandit Kalhana, Şah Ali Hamedanî, Şeyh'ul-Âlem, Lal Did, Gani Keşmirî ve Allame İkbal gibi büyük şairler bu coğrafyanın doğal güzelliklerini çeşitli yönleriyle şiirlerinde ele almışlardır. Modern dönemde "Çevre dostu yaşam" her alanda duyulan bir tabir olmuştur. Ancak bu tabirin edebiyatta kullanılması toplum üzerinde daha geniş bir etki bırakmaktadır. Cammu ve Keşmir'de yazılan Urduca gazelleri çevre eleştirisi bağlamında ele aldığımızda bu gazellerin hem sanatsal hem de entelektüel düzeyde yazıldığı coğrafyadan izler taşıdığını görmekteyiz. Çağdaş bir gazelle bakıldığında bir yandan iklim değişikliği, küresel ısınma, ekolojik denge gibi çevre sorunlarına dikkat çekilirken diğer yandan çevresel değişimlerin olumsuz etkileri üzerinde durulmuştur; bir yandan şairlerin çevrenin ve medeniyetin korunması için mücadele ettiği görülürken, diğer yandan gazeller, insanlar arasında çevre duyarlılığı kavramını yükseltmek için doğanın özgür varlığını da dile getirmektedir. Bu çalışmada Cammu ve Keşmir'de yazılan Urduca gazeller çevre eleştirisi bağlamında ele alınacaktır.

[1]University of Jammu, Faculty of Arts /Oriental Languages, Department of Urdu, Jammu, India

ORCID: G.A.S. 0009-0002-8043-189X

**Sorumlu yazar/Corresponding author:**
Gulzar Ahmed Sohil (Res. Assist.),
University of Jammu, Faculty of Arts /Oriental Languages, Department of Urdu, Jammu, India
E-posta: gulzarsohil0419@gmail.com

**Başvuru/Submitted:** 06.01.2024
**Revizyon Talebi/Revision Requested:** 05.02.2024
**Son Revizyon/Last Revision Received:** 10.02.2024
**Kabul/Accepted:** 18.02.2024

**Atıf/Citation:** Ahmed Sohil, Gulzar. "A Study of Modern Urdu Ghazal of Jammu and Kashmir: An Ecocritical Perspective." *Şarkiyat Mecmuası - Journal of Oriental Studies 44* (2024), 125-138. https://doi.org/10.26650/jos.1415793

This work is licensed under Creative Commons Attribution-NonCommercial 4.0 International License

**Anahtar Kelimeler:** Çevre eleştrisi, Cammu ve Keşmir, ekolojik denge, küresel ısınma, iklim değişikliği

**ABSTRACT**
Jammu and Kashmir has a unique identity in the world because of its civilization, geographical structure and attractive natural scenery. This land has been very fertile in terms of knowledge and literature, having produced literary personalities like Kalhan, Sheikh Ul Alam, Lal Ded, Ghani Kashmiri, Allama Iqbal and countless others who have beautifully portrayed the various aspects of the nature of this land in their writings. In modern times, the voice of the environment is heard in every sphere of life but when anything makes presence in literature it has the greatest impact on society. When we study the modern Urdu ghazal of Jammu and Kashmir in the context of environmental criticism, we find that it is deep rooted in this land both on artistic and intellectual levels. In this ghazal, where on the one hand, attention has been paid to the sensitive environmental problems of modern times, including climate change, global warming, ecological balance, etc. On the other hand, the negative impact of environmental changes on natural capital can also be seen. Moreover, in these ghazals, where on the one hand the poets are seen fighting for the protection of the environment and civilization, on the other hand the ghazals also support the wilderness of nature and its free existence in order to raise the concept of environmental sensitivity among the people. These are the specific aspects of environmental literature.
**Keywords:** Ecocriticism, Jammu and Kashmir, Ecological balance, global warming, climate change

## EXTENDED ABSTRACT

Jammu and Kashmir with its natural beauty, distinct culture and geographic structure holds a unique place in the different regions of World, the native landscape always makes huge impact on the art and literature of any region. Literature is always considered the savior and preserver of art and culture. Modern age is an age of Science and Technology which has changed the fundamental values of modern society where eco-friendly culture has been replaced by new anthropocentric culture and every human is trying to earn more and more profit at the cost of nature. The industries are growing at an alarming rate which leads industrial mentality to develop and strengthen its footsteps in the contemporary world which somehow denies the value of nature. In present scenario the voices of environmental issues can be heard everywhere because it has become a serious concern of modern society. Literature cannot aloof from society and surroundings but when these issues make presence in literary genres, they make more impact than any other communicative tools, therefore literature played an important role in any revolution because when things are presented in a systematic and literary manner, they seem to be more genuine and reliable.

When we critically evaluate the literary genre of modern urdu ghazal of jammu and Kashmir we find literary figures like Hakeem Manzoor, Hamidi Kashmiri, Rafiq Raaz, Farooq Nazi, Hamdam Kashmiri, Pritpal singh Betaab and Taranum Reyaz who have depicted the native landscape with an intention to address the environmental issues of the contemporary world. They not only gave general description of regional nature but the voice of serious environmental issues can be heard in the poetic verses of modern urdu ghazal of Jammu and Kashmir. Since this ghazal flourished in the lap of nature therefore this genre extracted and polished it's words from its surroundings. The poets have sensitized the general masses so that environment should be taken care off.

Some writers portrayed the native landscape in the cultural context and some have celebrated the wilderness in their writings because the real picture of nature cannot be understood without wilderness. The modern poets of Jammu and Kashmir urdu ghazal are aware of their surroundings and have not given much attention to other literary movements like progressive writers movement and trends like modernism,postmodernism and other vision they were surrounded by. They have only portrayed what they have experienced in the real World, among the above mentioned poets every poet has depicted the landscape in their own style.

Hakeem Manzoor has presented the native landscape in a cultural context even Hamadi Kashmiri appeared with the same intention or vision on the literary horizon of Jammu and Kashmir urdu ghazal. Hakeem Manzoor presented the exploited picture of natural resources in order to acquaint the world with the real picture of Jammu and Kashmir which is usually neglected in the history books of Jammu and Kashmir. Hakim Manzoor's depiction of native landscape in the cultural context by using symbols and metaphors provides a wider picture of rich indian composite culture and this is something that differentiates him from Other poets. He uses symbols and metaphors like Chinar, saffron, apple,Deodar and rivers and lakes like Jhelum, Dal, aharbal and other cultural elements of environmental origin Kangri, Akhroot, Badaam etc. to inculcate eco consciousness among the people or readers so that the 'culture and identity' watered by sufis and rishis of Jammu and Kashmir can be saved. Hakim manzoor appears to be the fellow of nature and native landscape. Hamidi Kashmiri also presented the nature in cultural context through his poetry but he adopted a distinct style where he seems to feel the pain of native landscape like birds, trees etc. He strived to save nature in a soft and subdued language.

Nature without wilderness has no identity, this characteristic gives it a different identity and among above mentioned poets Rafiq Raaz seems to have adopted this theme of ghazal. He has made gap with native landscape in terms of culture and and he tried to solve the environmental issues at a larger level. He has not confined his pen to native landscape but it can be seen in the subconscious of the writer. He celebrates the wilderness in his poetry. Since centuries old prevention of natural environment is part and parcel of Jammu and Kashmir culture therefore hamdam Kashmiri,s ghazal is committed to preserve the nature at any cost and which demonstrates nature cannot be saved without the sacrifices. Along with Hakeem Manzoor and Hamidi Kashmiri Farooq Nazki also knitted a web between nature and culture in his poetry in which he deciphered that the destruction of nature is unbearable for the fascinating gardens because they are interlinked with each other. Here his poetry and vision seems to be deep rooted in culture and History of Jammu and Kashmir especially sufis.

Pritpal singh Betaab is a renowned modern poet of Jammu and Kashmir literary horizon, he presented the environmental issues in more effective way in his poetry where he diverts the attention of common masses towards judicious and sustainable use of natural resources.

Above all, the poetess and fiction writer of modern age Taranum Reyaz has presented the

nature with a distinct outlook because there is a vital connection between the woman and nature both have the quality to reproduce, on the one hand she presented the nature in a vulnerable and weak manner and on the other hand she intended and endeavored to make ecofriendly future where nature should be given the utmost care. She has comparatively presented the picture of past and present natural world to sensitize the common masses with an intention to preserve and protect nature.

All the literary figures mentioned above have depicted nature with an intention to solve the regional and international environmental issues.They might have adopted different approaches but their crux lies in presenting and solving the environmental issues of the region. This paper will give new dimension to the modern Urdu literature and also yield new space and identity for Urdu literature of Jammu and Kashmir on the World literary horizon.

## تعارف:

ہر دور کا ادب اپنی تفہیم و تنقید کے پیمانے خود وضع کرتا ہے کیونکہ تنقید کوئی ساکت و جامد شے نہیں بلکہ زمانے کے تغیرات کے دوش بہ دوش سفر کرنا ہی اس کی بقاء کے لئے ناگزیر ہیں۔ جدید دور صنعتی اور سائنسی ترقی کا دور ہے جس میں ماحولیات کا وجود حاشیے پر آگیا ہے جہاں ماحولیات اور فطرت کی اصلی ہئیت اور شناخت کو مجروح کیا جارہا ہے۔ اسی دور میں دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں میں ماحولیاتی ادب توجہ کا مرکز بنا جس کی تفہیم کے لئے کوئی ایسا مخصوص تنقیدی زاویہ درکار تھا جس سے ماحولیاتی ادب کے تمام اسرار ورموز کا ادراک حاصل ہو۔ جس کے لئے ماحولیاتی تنقید جیسے نئے تنقیدی ڈسکورس کی اصطلاح معرض وجود میں آئی۔ ماحولیاتی تنقید نے ادب کی افہام و تفہیم کے نئے در وا کیں۔ عالمی سطح کی ترقی یافتہ زبانوں کے پہلو بہ پہلو اُردو زبان و ادب میں بھی ماحولیاتی ادب کی عمدہ مثالیں دیکھنے کو ملتی ہیں جس کے پورے بند اسی تنقیدی ڈسکورس میں کھلتے نظر آتے ہیں۔ تنقید صرف کسی بھی دور کے ادب کی تشریح ہی نہیں کرتی بلکہ اُس دور کے ماحول اور معاشرے کے غالب رجحانات کے تناظر میں اس کی صحیح تفہیم و تنقید بھی کرتی ہیں۔ جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل کی جڑیں چونکہ موضوعاتی اور اسلوبیاتی سطح پر اپنی سرزمین کی بنیادوں میں پیوست ہیں اسی لئے اس کی صحیح تفہیم اور تعبیر اسی تنقیدی فکر کے تناظر میں ممکن ہے۔

جموں وکشمیر پوری دنیا میں اپنے خوبصورت فلک بوس برفیلے پہاڑوں، طلسماتی جنگلوں، سیب اور بادام کے خوبصورت باغوں، رقص کرتے دریاؤں، زعفران کے خوبصورت کھیتوں، پائل کی طرح گونجتے آبشاروں، خوشالحان مقامی اور مہاجر طائروں کے مدھرُ اور سریلے نغموں، زم زم کی طرح پھوٹتے چشموں، یخ بستہ ہواؤں، طائروں کے زمزموں سے گونجتے چناروں، مہمان نوازی اور رنگارنگ تہذیب و ثقافت کے لئے کافی مشہور ہیں۔ یہ اس سرزمین کی ایسی چیزیں ہیں جو یہاں کے قلمکاروں کی ذہنی پرورش و پرداخت میں اہم رول ادا کرتی ہے۔ اس خطہ ارضی کی وہ چیزیں ہیں جو اس غزل کے اظہار کے سانچوں میں اپنے وجود کا احساس دلاتی ہیں۔ جہاں تک جموں وکشمیر میں اُردو غزل کی بات ہے اس صنف ادب نے اس خطہ ارضی میں سب سے زیادہ ترقی کی اور جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل نے اپنی سرزمین کے ساتھ ایسا رشتہ استوار کیا جو اسلوب اور افکار دونوں سطحوں پر اپنی ایک ارضی شناخت رکھتی ہے۔ اُنہوں نے فطرت کے عظیم سرمائے کو اس انداز میں پیش کیا جس میں ماحولیات کے مختلف گوشوں کے ساتھ ہی ساتھ عہد حاضر کے حساس اور پیچیدہ ماحولیاتی مسائل کا ادراک بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ان شعراء نے اپنی غزلوں کا خمیر ماحولیات اور فطرت کے رنگارنگ پہلوؤں سے تیار کیا ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ فطرتی سرمائے سے لگاؤ جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل کے جمالیاتی محور کا خاصہ ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ اسی لئے اس کی صحیح تفہیم و تنقید ماحولیاتی تنقید کے ذاویے سے ہی ممکن ہے تاکہ اس کے تمام اسرار ورموز سے دنیا کے دانشوروں کو واقف کیا جائے اور ادب کے دائرے میں وسعت کے ساتھ ہی سماج کے اس حساس مسلئے کے سد باب کے لئے کوئی ٹھوس اقدامات کیں جائیں۔ جموں وکشمیر کے جن غزل گو شعراء کی غزلوں کا مطالعہ ماحولیاتی تنقید کے تناظر میں کیا جائے گا اُن میں حکیم منظور، رفیق راز، پروفیسر حامدی کاشمیری، ہمدم کاشمیری، فاروق نازکی، پرتپال سنگھ بیتاب اور ترنم ریاض وغیرہ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ یہ جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل کے وہ معتبر نام ہیں جنھوں نے اپنی غزلوں کی تخلیق کا خمیر اپنی سرزمین کے رنگارنگ پہلوؤں سے تیار کیا ہے۔ علاوہ ازیں ان کی شاعری بالخصوص غزلوں میں علاقائی ماحولیاتی مسائل کے ساتھ ہی ساتھ بین الاقوامی ماحولیاتی مسائل کے سد باب کا راز بھی پنہاں ہے۔ یہ ادباء صرف جدید دور میں قدرتی سرمایے کے استحصال کا رونا نہیں روتے بلکہ ان کی تحریروں میں اس عظیم سرمائے کے تحفظ کے ساتھ ہی ساتھ اس کی خود مختاری اور آزادانہ وجود کے بھی عمدہ نمونے دیکھنے کو ملتے ہیں اور اس کے پہلو بہ پہلو فطرت کی وحشت سے بھی لطف اندوز ہوتے ہیں۔ یہ یہاں کے وہ شعراء ہیں جنھوں نے پوری دنیا کو اس سرزمین کی زندگی کے ہر پہلو سے اپنی نگارشات کے ذریعے متعارف کروایا ہے۔ مزید برآں اُنہوں نے لوگوں کے اندر ماحولیاتی آگاہی کے تصور کو پیدا کرنے کی کوشش کی تاکہ دنیا کے لوگ آج کے صنعتی دور میں سماج کے اس حساس مسئلے کی طرف متوجہ ہو۔ علاوہ ازیں ان قلمکاروں نے فطرت اور تہذیب کو بھی ایک ساتھ دیکھنے کی کوشش کی ہیں تاکہ تہذیبی سیاق میں پیش کر کے اس کے سد باب کے لئے کوئی ٹھوس اقدامات کیں جاسکے۔

جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل میں اس سرزمین کی فطرت اور تہذیب کو تخلیقی سطح پر محسوس کیا جاسکتا ہے غرض جن قلمکاروں نے پوری دنیا کو اپنی سرزمین کے تنوعات سے روشناس کروایا اُن میں حکیم منظورؔ کا نام سر فہرست ہیں جو جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل کی کہکشاہ کا وہ روشن ستارہ ہے جنھوں نے اپنی غزلوں میں فکری و فنی دونوں سطحوں پر اپنی سرزمین کو فراموش نہیں کیا ہے جس کے حوالے سے وہ کچھ یوں رقمطراز ہیں۔ ’’مجھے ذاتی طور پر احساس ہے اور بجا طور پر میرے فکر کے تانے بانے بھی اسی سرزمین سے پیوست ہیں اس لیے اچھا بُرا جیسا بھی ہے میرا لہجہ میرا فکر صرف میرا ہے کسی کا نہیں‘‘[1]

یہ الفاظ اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ حکیم منظورؔ کی شاعری اپنی سرزمین کے تنوعات کی ادبی اور جمالیاتی اظہار معلوم ہوتی ہے لیکن یہاں ان کا یہ امتیاز ہے کہ اُنہوں نے ماحولیات کے متنوع مسائل کی عکاسی جدید دور کے حالات کو مد نظر رکھ کر کی ہے۔ اُنہیں کبھی تتلیوں کی معصومیت اور سر برہنگی پریشان کرتی ہیں تو کبھی پھولوں کی نہ گفتہ بہ حالت مضطرب رکھتی ہیں۔ وہ کہیں جھیل ڈل کی خاموشیوں سے مایوس ہوتے ہیں اور کہیں ’’اہر بل‘‘ کی موجوں کو اپنا ہمسر بنا کر لوگوں کو یہ احساس دلانا چاہتے ہیں کہ اگر یہ بھی خاموش ہوگیا تو اس کا ثانی ملنا ناممکن ہے۔ غرض ان کی غزلیہ شاعری میں جدید دور میں فطرت کے استحصال کی عکاسی کچھ اس انداز میں کی ہے۔

1 Manzoor Hakeem, *Sukhan Barf Zar,* (Srinager: Khabar o Nazar Publications, 2002) 01-02.

اہر بل کی موج کا اپنی ادا اپنا خرام
سوا گر یہ بھی گیا تو ہمسر کہاں سے لائے
آب کے شاید موسمی طائر نہیں آ پائے گے
اب کے جہلم کا ہے انداز سخن بدلا ہوا
میرے امبری سیبوں کے باغ سب لٹ گئے
میں وہ شہزادہ ہوں جو بے سلطنت ہو کر رہ گیا
سر برہنہ تتلیاں ہیں، پھول ہیں دامن دریدہ ڈل ہیں ساکت
اس پر بھی اس شہر کے لوگوں کی آنکھوں میں ذرا بھی نم نہیں ہے
اور بھی گہری ہوتی جاتی ہیں ڈل کی خاموشیاں
جہلم پہ جو رواں تھی وہ گفتار سو گئی[2]۔

شاعرانِ غزلیہ اشعار میں جموں وکشمیر کے قدرتی سرمایے کا ہمنوا بن کر اس کے تحفظ کے لئے کوشاں نظر آتے ہیں جو ماحولیاتی ادب کا طرۂ امتیاز ہے۔ اُنہوں نے جدید دور میں فطرت کے عظیم سرمائے پر ماحولیاتی آلودگی سے ثبت ہونے والے منفی اثرات کی طرف جدید انسان کے ذہن کو متوجہ کرنے کی کوشش کی کیونکہ اس کا ذمہ دار جدید دور کا مادیت پرست انسان ہی ہے جس نے اپنی آسائش اور ترقی کے لئے قدرتی سرمایے کی اہمیت کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ جموں وکشمیر اپنے دلفریب آبشاروں کے لئے کافی مشہور ہیں۔ کشمیر کی قدیم جھیل "اہر بل" جس کی تہذیبی، ثقافتی اور معاشی اہمیت سے انکار ممکن نہیں لیکن جدید دور کے انسان نے اس کے وجود کو خطرے میں ڈال دیا ہے اسی لئے شاعر دلبر داشتہ ہو کر لطیف انداز میں لوگوں کو متنبہ کرتے ہیں کہ اگر یہ بھی خاموش ہو گیا تو اس کا ثانی ملنا بہت ہی مشکل ہے اور ساتھ ہی وہ اہر بل کی موجوں کی روانی، ان کی وحشت اور آزادی سے بھی لطف اندوز ہوتے ہیں تاکہ لوگوں کو اس کا صحیح فہم حاصل ہو۔ دریائے جہلم اور جھیل ڈل کی ماحولیاتی، تہذیبی اور معاشی اہمیت سے کون واقف نہیں وہ یہاں کی سیاحتی صنعت میں ریڑ کی ہڈی کا کام کرتے ہیں بلکہ ان کے بغیر جموں وکشمیر کی زندگی کا تصور ہی ممکن نہیں اور جن کی روانی میں اس خطے کی زندگی اور تہذیب موجزن نظر آتی ہیں لیکن معاصر دور میں ان کے وجود اور شناخت کو بھی مجروح کیا جا رہا ہے۔ اِسی لئے اپنی غزلوں کے ذریعے شاعر ان کی حالت زار کو منفرد انداز میں بیان کرتے ہیں۔ اُنہوں نے کارئین کو دریائے جہلم کی آلودگی کی طرف بھی متوجہ کیا ہے اور ان آبشاروں کے تحفظ کو یہاں کی تہذیب کے تحفظ سے تشبیہ دی تاکہ ان کے تحفظ اور منصفانہ استعمال کے لئے اعلی سطح پر کوئی لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ جموں وکشمیر وہ خطہء ارضی ہے جہاں دنیا کے مختلف خطوں جن میں یورپ اور وسطی ایشیا سے مہاجر پرندے ہر سال لاکھوں کی تعداد میں وارد ہوتے ہیں جو صرف یہاں کی فضاؤں کو ہی اپنے سریلے اور مدھر نغموں سے معطر نہیں کرتے بلکہ اس خطے کی تہذیب کا حصہ ہونے کے ساتھ ہی اس خطے کے ماحولیاتی توازن کو بھی برقرار رکھنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں کیونکہ سائنسی نقطہء نظر سے یہ مہاجر پرندوں ماحولیاتی صاف وصفائی کے حوالے سے کافی اہمیت رکھتے ہے اور ساتھ ہی ساتھ جن کی تہذیبی اہمیت بھی مسلم ہے لیکن عہد جدید میں انسانی افعال اور ماحول کش ذہنیت نے ان کی ہجرت کو بہت متاثر کیا ہے جو ایک لمحۂ فکریہ ہے جس کی طرف منفرد انداز میں شاعر نے توجہ مبذول کروائی ہے کہ اب شاید موسمی پرندیں نہیں آئیں گے کیونکہ اب ان کی قدرتی پناہ گاہیں آلودہ ہو چکی ہیں۔ یہاں جدید انسان پر ایک خفیف ساطنز بھی ہے کہ ہجرت جن پرندوں کی شناخت تھی اب ان کی یہ شناخت بھی ختم ہو رہی ہے۔ غزل کا متکلم یہاں اس حساس مسلئے کی طرف کاری کو سوچنے پر مجبور کرتا ہے۔ غیر متوقع موسمی تبدیلیوں کی وجہ سے فطرت کے انمول سرمائے پر جو منفی اثرات ثبت ہوئے ہیں ان کی عبرت ناک کہانی بھی بیان کی کہ کس طرح تتلیاں سر برہنہ ہو کر ماتم کناہ ہیں کیونکہ اُنہیں موسم نے وقت سے پہلے ہی جگایا ہے تو دوسری طرف اس سرزمین کے گل بھی دامن چاک کئے ہوئے ہیں اور جھیلِ ڈل بھی پریشانی اور خاموشی کے عالم میں ہیں لیکن اس کے باوجود اس سرزمین کے باشندے اس قدر بے حس ہیں کہ کسی بھی شخص کو اس بربادی کی فکر دامن گیر نہیں۔ جس انداز سے شاعر نے یہاں جدید دور میں فطرت کے عظیم سرمائے کے استحصال کی کہانی بیان کی وہ انسانی ذہن کو سوچنے پر مجبور کرتی ہیں اور ساتھ ہی اس بات سے بھی آگاہ کرتی ہیں کہ ماحول کش ذہنیت اور مادی سوچ کے حامل جدید دور کے انسان نے اس معصوم فطرتی سرمائے کو خود برباد کیا ہے۔ وہ اپنی غزلوں کے ذریعے لوگوں میں ماحولیاتی حساسیت پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ غرض وہ کبھی امبری سیب جن کی تہذیبی اہمیت سے انکار ممکن نہیں کے چھن جانے کو وہ بے سلطنت شہزادے سے تشبیہ دیتے ہیں۔ امبری سیب کو یہاں غزل کے پیرائے میں بیان کیا ہے۔

تہذیب اور فطرت کا ابتداء سے ہی ایک گہرا رشتہ رہا ہے جن کو ایک دوسرے سے الگ نہیں کیا جاسکتا۔ حکیم منظور جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل کا وہ معتبر نام ہے جنہوں نے اپنی تخلیقات کے اظہار کے سانچوں میں اپنی سرزمین کی تہذیب وثقافت سے ہی رنگ بھرا جس کا بنیادی مقصد اِس تہذیب وثقافت کا تحفظ ہیں جس تہذیب میں ماحولیاتی توازن کی وافر مثالیں دیکھنے کو ملتی ہے۔ اسی لئے ان کے ہر شعر کے پس پردہ اس سرزمین کی زندگی اور ماحول کی خنکی کو دور سے محسوس کیا جاسکتا ہے۔ حکیم منظور ایک ایسے شاعر ہیں جنہوں نے کشمیریت کو آفاقی بنا کر پیش کیا ہے جس کے حوالے سے راج نرائن راز کچھ یوں لکھتے ہیں۔ "اُن کے فکرو

2 Manzoor, *Sukhan Barf Zar,* 01-200.

احساس کا سر چشمہ اُن کی دھرتی کی اعلیٰ تمدنی، تہذیبی، اور علمی روایات ہیں۔ اُنہوں نے کشمیر اور کشمیریت کے نقوش کو کمال سادگی سے علامتوں کے طور پر استعمال کیا اور انہیں مقامی سے آفاقی بنا دیا، یہی عمل ان کی منفرد شاعری کی پہچان ہے۔"[3]

مذکورہ بالا یہ الفاظ اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ حکیم منظورؔ نے اپنی غزلوں کے جمالیاتی عناصر کو اپنی سرزمین کی تہذیب و ثقافت کے مختلف رنگوں سے مزین کر کے دنیا کو اپنی سرزمین کی تہذیب سے واقف کروایا جس میں صوفی سنتوں کی تعلیمات کا اثر دور سے دیکھنے کو ملتا ہے۔ جموں و کشمیر کے ادبی منظر نامے پر اگر ابتداء سے ہی نظر ڈالی جائے تو اس میں ماحولیات کو کسی بھی سطح پر فراموش نہیں کیا گیا ہے، چاہے وہ شیخ العالم ہو یا لل دید، غنی کاشمیری ہو یا پھر علامہ اقبال، اسی لئے اپنے اسلاف کی طرح حکیم منظورؔ نے ماحولیات کی باریکیوں کو تخلیقی سطح پر محسوس کیا ہے اور اُنہوں نے اپنی سرزمین کو تخلیقی سطح پر کچھ اس اندز سے متعارف کروایا ہے۔

اس زعفران جبین کو تشبیہ کس سے دو
سب کی نظر میں وہ مہتاب صاف ہیں
کاغذی بادام کا تحفہ اُسے بھیجو گا میں
وہ بھی دیکھے آنکھ ہیں کن رنگوں کی پالی میں نے
جب گر گیا چنار تو یہ راز وا ہوا
تھا موسم فساد کا تنہا وہی حریف۔[4]
کانگڑی بستر میں رکھ کر کھڑکیوں کو وا کروں
برف گرنے کا کبھی یوں ہی نظارہ کروں۔[5]

یہ اشعار اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ منظورؔ اپنی سرزمین کی تہذیب و ثقافت کی گہرائیوں سے کس قدر آشنا تھے۔ اسی لئے یہاں اُنہوں نے کبھی اپنے محبوب کے رُخ کو زعفران سے تشبیہ دیں تو کبھی مہتاب سے۔ زعفران ایسی شے ہے جس کا نام آتے ہی جموں و کشمیر کی ثقافت و تمدن کی تصویر ذہن میں اُبھرنے لگتا ہے کیونکہ زعفران صرف ایک "لذیز شے" ہی نہیں بلکہ ایک تصور ہیں۔ اس کے کشمیر الاصل ہونے کے شواہد مہابھارت، نیلمت پران اور راج ترنگنی جیسی تاریخی اور مذہبی کتب میں پائے جاتے ہیں جس کی وجہ سے جموں و کشمیر کو کبھی چھوٹا ایران کہا جاتا ہے تو کبھی کیسر کی دھرتی کیونکہ جب زعفران کی کھیتی شباب پر ہوتی ہیں تو اس کے گرد و پیش کے علاقے اس کی خوشبوں سے معطر ہوتے ہیں۔

غرض زعفران کی جڑیں یہاں کی تہذیب میں اس قدر پیوست ہیں جس کو اس سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ علاوہ ازیں شاعر نے جس انداز سے بادام کو تخلیقی سطح پر برتا ہے وہ معنی کے مختلف جہات کی طرف ذہن کو منتقل کرتا ہے۔

وہ یہاں کاغذی بادام کا تحفہ بھیج کر اس تہذیب کو دنیا سے متعارف کروانا چاہتے ہیں ماحولتات کا تحفظ جس کا اختصاص رہا ہے اور جس کے پس پردہ اس سرزمین کی زندگی کے کئی راز جلوہ گر نظر آتے ہیں۔ جموں و کشمیر کی تہذیب کے استعارے کا شرف اگر صیح معنوں میں کسی چیز کو حاصل ہے تو وہ چنار ہے یہاں منظورؔ نے چنار کو تہذیبی تناظر میں جس طرح پیش کیا ہے وہ ایک نئی جہت کا اضافہ ہے کہ چنار کو یہاں کی اُس مشترکہ تہذیب کا استعارہ بنایا ہے جس تہذیب کی پرورش و پرداخت شیخ العالم، لل دید اور شاہ ہمدانی نے کی جس کے اہم جز آپسی میل جول، فطرت سے لگاؤ، انسانیت، اعلی انسانی اقدار کا تحفظ، ماحولیاتی توازن ہیں لیکن جب جدید صنعتی دور میں اس تہذیب کو نفرت کے خنجر سے مجروح کیا گیا تو یہ معلوم ہوا کہ یہی چنار جو محبت اور آپسی رواداری کا استعارہ ہے ہی ان فسادی عناصر کا تنہا حریف تھا۔ غرض حکیم منظورؔ کے یہاں ہمیں ماحولیاتی ادب کی مختلف جہات کا پرتو دیکھنے کو ملتا ہے۔ برف کشمیر کی تہذیب کا ایک اہم حصہ ہیں جس کی سفید چادر کے اندر اس تہذیب کے کئی راز پنہاں ہیں۔ کانگڑی جو یہاں کی مشترکہ تہذیب، فطرتی سرمائے کے تحفظ اور آپسی میل جول کی علامت ہے کو منفرد انداز میں پیش کیا ہے۔ یہاں فطرت کی وحشت سے محظوظ ہونے کے ساتھ ہی ساتھ شاعر نے بہت کچھ کہا ہے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کشمیر کی پوری تہذیب و ثقافت اس میں سمٹ آئی ہیں۔ ان اشعار کے یہ اظہار کے پیرائے یہاں کی اُس تہذیب و ثقافت کو بھی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے محفوظ کرتے ہیں ماحولیات کا تحفظ جن کا طرۂ امتیاز ہے۔ غرض حکیم منظورؔ نے اپنی غزلوں میں اظہار کی سطح پر اپنی تہذیب کو محفوظ کرنے کے ساتھ ہی نئے معنی پہنا کر وسیع امکانات سے ہمکنار کیا۔ 'بقول پروفیسر قدوس جاوید "حکیم منظور کی اُردو غزل میں اپنی زبان، زمین معاشرہ اور ثقافت کے تحفظ، تعبیر، توسیع کا جذبہ حکیم منظور کی غزل کا بنیادی تخلیق جوہر Creative essance قرار پاتا ہے یہی حکیم منظور کے انفراد کا نقشِ اول ہے۔"[6]

یہ الفاظ اس بات کا ثبوت ہیں کہ منظور کی شاعری اپنی سرزمین کی تہذیب و ثقافت کے متنوع پہلوؤں سے مستعار ہے۔ اس میں تہذیبی جھلکیاں بھی پائی جاتی ہیں اور ماحولیات کا ادراک بھی۔ یہاں شاعر صرف فطرت کی وحشت سے لطف اندوز نہیں ہوتے بلکہ فطرت اور تہذیب کو ایک ہی لڑی میں پرو کر اس کے تحفظ کی

---

3 Raj Narayan, "Raaz,Pash Guft Subah Shafaq Tilawat", *Sheeraza Hakeem Manzoor* (November 2008), 156-57

4 Manzoor, *Sukhan Barf Zar*, 01-200.

5 Hakeem Manzoor, *Na Tamaam*,(New Delhi, Simat Nama Publications, 1977), 50.

6 Qudus Javid,"Hakeem Manzoor Bahesyat Ghazal Goo" '*Sheeraza Hakeem Manzoor* (November 2008), 35.

طرف توجہ مبذول کرواتے ہیں جس سے یہاں کے سیاحتی امکانات کے نئے در بھی کھلتے نظر آتے ہیں۔علاوہ ازیں حکیم منظورؔ نے جموں و کشمیر کی جن انمول چیزوں سے دنیائے ادب کو اپنی غزلوں کے ذریعے متعارف کروایا اُن میں،اخروٹ، سفیدہ،امبری سیب، پھرن، سماوار، نون چائے، قہوہ وغیرہ اہم ہیں جن کی جڑیں اس سرزمین کی خاک میں پیوست ہیں اور جو اس سرزمین کا اختصاص بھی ہیں۔

فطرت کا حسن اُس کی اصل ہئیت میں ہی پوشیدہ ہے اور اس کی وحشت اور خود مختاری سے ہی انسان کو دائمی حظ ملتا ہے، حکیم منظورؔ کے بعد جموں و کشمیر کے جس جدید فنکار نے فطرت کے مختلف جہات کو تخلیقی قالب میں ڈھال کر غزل کا حصہ بنایا اور جن کی غزل علاقائی سے لے کر بین القوامی ماحولیاتی مسائل تک کا احاطہ کرتی ہے اُن میں رفیق رازؔ کا نام کافی اہمیت کا حامل ہے۔انہوں نے جس منفرد انداز سے ماحولیات کی عکاسی کی ہیں وہ نہایت متاثر کنُ ہے۔وہ اکثر اپنی شاعری میں ماحولیات کے استحصال اور اس کے تحفظ کے ساتھ ہی ساتھ فطرت کی وحشت اور آزادی سے بھی لطف اندوز ہوتے ہیں اور ساتھ ہی اس کے آزادانہ وجود کی حمایت کرتے ہوئے نظر آتے ہیں لیکن ان کی غزلوں کی یہ اہم خصوصیت ہے کہ اُنھوں نے کچھ حد تک فطرت کے سرے کو تہذیب سے دور رکھا ہے۔ان کی غزلیہ شاعری میں جدید دور میں فطرت کی اذیت ناک کہانی کو مؤثر پیرائے میں بیان کیا گیا ہے۔انہوں نے جدید مادی دور میں فطرت کے استحصال کی مؤثر عکاسی کچھ اس طرح کی ہے۔

طاقتِ پرواز طائروں میں نہیں تھی
سہمے ہوئے تھے کہ آشیاں بھی نہیں
شاخوں پر پرندوں کو تذبذب ہے بلا کا
اک قتل سرمایہ اشجار نہ ہو جائے
لٹ پٹ ہے خاک وخون میں اشجار یا اخی
بے سائیگی کا گرم ہیں بازار یا اخی۔[7]
ہے وقت رنگ جتنے بھی چاہو سمیٹ لو
حملہ خزاں کرے گی اچانک بہار پر۔[8]

مندرجہ بالا ان اشعار میں ماحولیات کے مختلف مسائل جلوہ گر نظر آتے ہیں۔یہ اشعار بظاہر آسان معلوم ہوتے ہیں لیکن اگر معاصر دور کے ماحولیاتی تناظر میں دیکھا جائے تو اپنے اندر معنی کا ایک جہان رکھتے ہیں۔رفیق رازؔ نئے انداز میں فطرت کے عظیم سرمائے کا تحفظ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ان کی غزلوں کا ایک سرا ایک طرف علاقائیت سے ملا ہوا ہے تو دوسرے کی حدیں بین القوامیت سے جا ملتی ہیں۔ان اشعار میں صرف انسان اور فطرت کے باہمی ربط اور اختلاط کی ہی طرف توجہ مبذول نہیں کروائی بلکہ جدید صنعتی دور میں انسان کے ہاتھوں قدرتی سرمائے کے استحصال کو بھی اپنی غزلوں کا موضوع بنایا ہے۔

شاعر کبھی پرندوں کے تذبذب اور اضطرابی کیفیت میں مبتلا ہونے سے مایوس نظر آتے ہیں تو کبھی اُجڑے آشیانوں کی وجہ سے مغموم رہتے ہیں کہ کس طرح طائر آشیانوں کے خاتمے سے سہمے ہوئے ہیں۔جدید دور میں پناہ گاہوں کا اُجڑنا ہی ان طائروں کے تذبذب اور انتشار کا موجب ہے۔درحقیقت شاعر یہاں ان پرندوں کی رہائش کی وجہ سے پریشان ہیں کہ ان کے بغیر اس سرزمین کا تصور ہی ممکن نہیں۔جدید صنعتی دور نے صرف حیوانات کو ہی نہیں بلکہ نباتات کے انمول سرمائے کو بھی نقصان پہنچایا ہے جس کا آنکھوں کو نم کرنے والا منظر غزل گو نے مؤثر انداز میں پیش کیا ہے کہ سارے اشجار خون میں نہائے ہوئے ہیں بلکہ انسان کی ماحول کش سوچ نے ان پیڑ پودوں کو بھی اپنی حوس کا شکار بنایا جن سے انسان ہی نہیں بلکہ فطرت کی ہر شے مستفید ہوتی ہیں لیکن وہ اشجار بہت ہی عبرت ناک زندگی جی رہیں ہے۔جموں و کشمیر بھی پوری دنیا کی طرح گلوبل وارمنگ اور غیر متوقع موسمی تبدیلیوں کی وجہ سے متاثر نظر آتا ہے اب یہاں اپنی مقررہ مدت سے پہلے ہی لالہ زاروں کو بند کیا جاتا ہے جس کی مثال حالیہ ۲۰۲۲ میں کشمیر کی مشہور گل لالہ کو مقررہ مدت سے پہلے ہی بند کرنا پڑا کیونکہ گلوبل وارمنگ کی وجہ سے پھول مرجھانے لگ گئے اسی لئے یہاں غزل گو لوگوں کو اس بات کی تلقین کرتے ہیں کہ چمن کی حالت ایسی ہے کہ اس پر خزاں کبھی بھی دستک دے سکتی ہیں اس لئے موسم بہار کی رنگینیوں سے لطف اندوز ہونے میں غفلت نہ برتی جائے۔غرض یہاں جس انداز سے غیر متوقع موسمی تبدیلی کو بیان کیا ہے وہ انسان کو سوچنے پر مجبور کرتا ہے۔

رفیق راز جموں و کشمیر کی جدید اُردو غزل کا وہ نام ہے جنھوں نے صرف ماحولیاتی استحصال کا رونا نہیں رویا بلکہ اس کے حوالے سے لوگوں میں ماحولیاتی حساسیت بھی پیدا کی ہے تاکہ لوگ اس حساس مسئلے کے تدارک کے لئے کوئی ٹھوس اقدام کریں کیونکہ ماحولیات کا مسلہ جدید دور کا سب سے اہم مسلہ ہے

۔لیکن وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ صرف ادباء کی ہی کاوشوں سے فطرت کے سرمائے کا تحفظ ممکن نہیں بلکہ زندگی کے تمام شعبوں سے منسلک لوگوں کو اس ضمن میں سامنے آنا چاہیئے۔کہیں کہیں اُنھوں نے فطرت اور تہذیب کو ایک ساتھ دیکھنے کی کوشش کی ہیں۔رفیق رازؔ نے فطرت کی تباہی کا رونا نہیں رویا بلکہ اس کے سدباب کی طرف توجہ مبذول کروانے کی کوشش کچھ اس طرح کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

ہر ایک ہاتھ میں شاخ شجر سناح کی طرح تھی

---

7 Rafiq Raaz, *Anhaar (*New Delhi: Istеara Publications 2004), 01-200.
8 Rafiq Raaz, *Mishraq* (Varanasi: Tehreekh e Adab 2009), 01-216.

۔[9]کسی بھی ہاتھ میں اس باغ میں گلاب نہیں تھا
شہد کی مکھی کا گیت سن نہ سکو گے
آپ کے گلدان میں گلاب ہیں باسی۔[10]
میرے ہی اشک سے یہ معجزہ نہیں ہوگا
میں کیسے خشک زمیں پر اکیلے گھاس لکھوں۔[11]
ایک فلک اور ہی سر پر تو بنا سکتے ہیں
کرہِ ارض کو بہتر تو بنا سکتے ہیں۔
مت سوچ موسموں نے لگائی یہ کس طرح
کس آگ میں نہائے ہوئے ہیں چنار دیکھ۔[12]

یہاں شاعر اپنی غزلوں کے ذریعے لوگوں میں ماحولیاتی حساسیت پیدا کرنا چاہتے ہیں کہ آج کے اس مادیت زدہ معاشرے میں کوئی بھی ہاتھ فطرت کے عظیم سرمائے کے تحفظ کے لئے کوشاں نہیں بلکہ ہر کوئی اس کے استحصال کو اپنا حق سمجھتا ہے۔ یہاں اُنھوں نے انسان کی انتھروفوسنٹرک سوچ کو موثر انداز میں منکشف کیا ہے۔ ان اشعار میں صنعتی تہذیب کے پروردہ انسان پر ایک دانشورانہ اور مفکرانہ طنز کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی جدید دور کے انسان کو اس امر سے بھی آگاہ کیا کہ انسان اُسی وقت فطرت سے مکمل استفادہ کر سکتا ہے جب وہ اپنی اصل شکل میں جلوہ گر ہو بلکہ انسان پوری طرح سے لطف اندوز نہیں ہو سکتا جب فطرت اپنی اصل شکل میں موجود نہیں لیکن طنز کے ساتھ ہی وہ جدید انسان کو اس بات کی تلقین کرتے ہیں کہ صرف ادباء اور فنکاروں کی کاوشیں ہی ثمر آور ثابت نہیں ہو سکتی بلکہ سماج کے ہر فرد کو اس عظیم سرمائے کے تحفظ کے لئے سامنے آنا چاہیئے۔ علاوہ ازیں شاعر کہتے ہیں کہ ہم سب مل کر ایک بہتر خوش آئند مستقبل یعنی سسٹین ابل فیوچر ماحول کے تصور کو تقویت دے سکتے ہیں۔ رفیق راز ایک خوش آئند مستقبل کے خواہاں تھے وہ ماحولیاتی سطح پر ہونے والی منفی تبدیلیوں سے مایوس نہیں ہوتے بلکہ لوگوں کو اس بات سے باور کراتے ہیں کہ اس بات کی فکر میں زیادہ وقت برباد نہ کیا جائے کہ کس طرح فطرت کا استحصال ہوا بلکہ اس کے سدباب کے لئے ٹھوس اقدامات کیں جائے لیکن وہ صرف فطرت کے استحصال پر ماتم کناں نہیں ہے بلکہ ایک رجائی فکر کے ساتھ کسی بھی قیمت پر اس عظیم سرمائے کا تحفظ چاہتے ہیں۔

وحشت ماحولیاتی ادب کا ایک اہم حصہ ہے جس کے ابتدائی نقوش ہمیں امریکی نیچر رائٹنگ میں ملتے ہیں۔ جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل بالخصوص رفیق راز کی غزلوں میں اس کی بہترین مثالیں دیکھنے کو ملتی ہیں وہ فطرت کی وحشت کو کچھ اس انداز میں پیش کرتے ہیں۔

ان جنگلوں میں جا کے ہوا لوٹتی نہیں
ان جنگلوں میں ہونگی پُراسرا ابستیاں۔[13]
گر کر بلندیوں سے سنبھلتا ہے آپ ہی
مجھ کو پسند ہے یہ ادا آبشار کی۔[14]
اے کاش مثلِ شعلہ لپک جائے آج پھر
کوئل کی چینخ جھولتی شاخوں کے درمیاں۔[15]

ان اشعار کے یہاں ایک قسم کی آزادی بھی ہیں وحشت اور رد عمل بھی۔ در حقیت جب ہم ماحولیاتی تنقید کے تناظر میں ان اشعار کا مطالعہ کرتے ہیں تو ان میں ماحولیات کے تحفظ کی طرف بھی ذہن کو منتقل کیا گیا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ موجودہ صارفانہ ماحول میں اس عظیم سرمائے کے استحصال کی طرف بھی توجہ دلوائی گئی ہے۔ یہاں شاعر نے ڈیپ ایکالوجی کی عمدہ مثالیں پیش کی ہیں۔ یہاں وہ فطرت کے آزادانہ وجود کی حمایت کرتے ہیں کہ اگر نیچر کو اس کی اصل شکل میں رہنے دیا جائے تو اُسی میں اس کی خوبصوتی اور دلکشی کا راز پنہاں ہے۔ ان جنگلوں سے ہوا واپس ہی نہیں آتی کیونکہ ان جنگلوں میں طلسماتی اور پُراسرار بستیاں ہیں جو ان ہواوں کو راس آتی ہیں۔ آبشاروں کا بلندیوں سے گرنے میں جو دلکش منظر خلق ہوتا ہے وہ انسان کو دائمی حظ عطا کرتا ہے۔ اسی لئے یہ منظر غزل گو کو متاثر کرتا ہے۔ آخری شعر میں فطرت کی وحشت کو جس انداز سے پیش کیا ہے وہ انتہائی دلکش انداز ہے کہ یہاں خواہش ظاہر کی ہے کہ ماضی میں جس طرح طائر اشجار کی آغوش میں سریلے گیت گاتے تھے آج بھی اگر ویسا ہوتا تو یہ اس سماج کے لئے بہتر تھا کیونکہ قدرت کا حسن اُس کی اصل شکل میں ہی پوشیدہ نظر آتا ہے۔ الغرض یہ کہ ان اشعار

9 Rafiq Raaz, *Nakhl-e-Aab*(Srinagar: Takhbeer Publications 2015) 01-242.
10 Raaz, *Mishraq,* 01-216.
11 Raaz, *Nakhl-e-Aab,* 01-242.
12 Raaz, *Mishraq,* 01-216.
13 Rafiq Raaz,*Anhaar,* 01-200.
14 Raaz,*Mishraq,* 01-216.
15 Raaz,*Anhaar*, 01-200.

کے پس پردہ ایک تعمیری سوچ اور فکر جلوہ گر نظر آتی ہیں جن میں ماحولیات کے تحفظ کا احساس دلایا گیا ہے۔

جموں و کشمیر کی اُردو غزل میں نئی حسیت کے ساتھ جن شعراء نے ماحولیات کے مختلف مسائل کو پیش کیا ان میں پروفیسر حامدی کاشمیری کا نام کافی اہمیت کا حامل ہیں جن کی غزلوں میں تہذیب اور فطرت کا ربط استعاراتی انداز میں دیکھنے کو ملتا ہے۔ جس کے حوالے سے پروفیسر مجید مضمر اپنے خیالات یوں سپرد قلم کرتے ہیں۔

''حامدی کاشمیری کی شاعری میں جمالیاتی شعور کی سطح پر جس رچاؤ اور بالیدگی کا احساس ہوتا ہے وہ ان کے توارث، ترتیب، سماجی اور تہذیبی اقدار کے علاوہ فطرت سے اُن کی وابستگی کی راہ سے آئی ہے۔ مظاہر فطرت خصوصاً کشمیر کا حسنِ فطرت ان کے جمالیاتی وجود کے لئے لازوال سرچشمے کا حکم رکھتا ہے۔''[16]

ان کی غزلیں کشمیر کے فطرتی مناظر، ہزاروں سال کی تہذیب و تمدن اور اسلاف کی فکر کی کرچیں سمیٹتے ہوئے کچھ اس طرح نظر آتی ہیں۔

ہم تھے اور دھوپ کی تمازت تھی
راستے میں چنار بھی آئے
کوئی طائر ہی چہکے کھڑکی پر
کچھ تو سینے کا بوجھ کم کرتے
پیامی بن کے آتے تھے پرندے
کوئی واں کی خبر لاتا نہیں ہے
پوچھتے کیا ہو وادیوں کا حال
نوحہ گر ہے چنار راہوں میں۔[17]

یہ اشعار اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ ان کا شاعر باطنی سطح پر بہت ہی غمگیں نظر آتا ہے۔ ان اشعار میں فنکار نے تہذیب اور فطرت کو ایک ہی تسبیح میں پرو کر کئی رازوں سے پردہ اُٹھایا ہے کہ جدید صنعتی تہذیب کی تیز دھوپ میں سفر کرنے کے دوران چنار جو جموں و کشمیر کی تہذیب اور ثقافت کا استعارہ ہے نے تمام مصائب اور پریشانیوں سے محفوظ رکھا۔ انہوں نے چنار کو تہذیبی تناظر میں جس طرح پیش کیا ہے وہ غور و فکر کی دعوت دیتا ہے۔ کھڑکی پر کسی پرندے کے چہکنے سے سینے کا بوجھ کم ہونے میں بلا کی معنویت پوشیدہ ہیں کیونکہ اس تہذیب میں پرندوں کے چہکنے کو کسی اپنے عزیز کی آمد کی طرف اشارہ گردانا جاتا ہے لیکن اب یہ طائر ہی غائب ہو چکے ہیں جو ایک المیہ ہے کیونکہ صنعتی دور میں ایک طرف پرانی تہذیب دم توڑ رہی ہیں اور دوسری طرف یہ اس بات کا اشارہ ہے کہ جو پرندیں پیامی بن کے آتے تھے لیکن اب وہ بھی ختم ہوگئے ہیں۔ آگے چل کر وہ اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ پرندہ کوئی بھی باقی نہیں بس اُجڑے ہوئے آشیانے باقی ہیں۔ انہوں نے پیڑ پودوں کی بربادی کی آنکھوں کو نم کرنے والی تصویر پیش کی ہے۔ یہاں غزل گو نے باطنی سطح پر ان تبدیلیوں کو محسوس کر کے نہایت ہی نرم اور استعاراتی انداز میں بیان کیا ہے۔ پروفیسر حامدی کاشمیری ایک مفکر اور دانشور تھے انہوں نے فطرت کے عظیم سرمائے کو تہذیب سے جوڑ کر مفکرانہ انداز میں بیان کیا ہے۔

فطرت کا استحصال جدید صنعتی دور کی زندگی کا عطیہ ہے جس میں لوگ اپنی ترقی کے لئے فطرت کو صرف مادی حصول کا ذریعہ ہی تصور کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ فنکار نے یہاں ان اشعار میں مفکرانہ انداز میں لوگوں کی توجہ فطرت کے تحفظ کی طرف کچھ اس انداز میں مبذول کروائی ہیں۔

اجنبی طائروں کی ڈار نہ واپس جاتی
ایک پل کے لئے ہی پھول تبسم کرتے
پرندہ کوئی بھی باقی نہیں ہیں
بس اُجڑے آشیانے رہ گئے ہیں
چپ ہوگئے پیڑ باتیں کرتے ہوئے
کوئی پرچھائیں آدمی کی ہیں۔[18]

جموں و کشمیر دنیا کے کچھ مخصوص خطوں میں سے ہیں جو نہ صرف پوری دنیا سے آنے والے سیاحوں کو اپنے دلکش اور دیدہ زیب مناظر سے اپنی طرف کھینچتا ہے بلکہ ایک کثیر تعداد میں روس، سائبیریا، اور وسطی آشیا کے مختلف ممالک سے مہاجر پرندے سال میں کچھ عرصہ اس سرزمین میں سکونت اختیار کرتے ہیں اور یہاں کی گلپوش وادیوں کی فضاؤں میں اپنے زمزموں سے موسیقیت کا رس گھولتے ہوئے اس کے حسن کو دوبالا کرتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ یہاں کے ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں لیکن اب اس سرزمین میں ان کی رہائش گاہیں زوال پذیر ہو رہی ہیں۔ یہاں انسان کی ماحول کش ذہنیت کو جس انداز سے طنز کا نشانہ بنایا وہ قابل غور ہے۔ وہ مہاجر پرندوں کے حوالے سے کہتے ہیں کہ ان کا قافلہ اس سرزمین سے مایوس ہو کر واپس نہ جاتا اگر یہاں کے پھول تھوڑا بھی مسکراتے غرض یہ کہ اس ماحول میں اب وہ کشش نہیں کہ مہاجر پرندوں کو اپنی طرف متوجہ کریں۔ پھول اس لئے تبسم نہیں کرتے کیونکہ وہ استحصال کا شکار ہے، وہ

16 Majeed Mazmar ,''Samna Zulmat ki Tabani ka''*Sheeraza Hamadi Kashmiri Number*, (ty), 177.
17 Hamadi Kashmiri, *Shahr e Guman*, (Srinagar: Computer city, 2005), 01-155.
18 Kashmiri, *Shahr e Guman*, 01-155.

مرجھائے ہوئے نظر آتے ہیں۔ان اشعار میں فنکار باطنی سطح پر کچھ مغموم نظر آتے ہیں اور دوسری طرف قدرتی سرمائے کی اذیت ناک کہانی بیان کی ہے کہ جن پرندوں کی بدولت ان آشیانوں کی زینت تھی وہ اب یہاں نہیں بلکہ صرف برباد آشیانے رہ گئے ہیں۔آخر میں انسان کی ماحول کش ذہنیت پر ایک دانشورانہ طنز کیا ہے جس کے پس پردہ ایک تعمیری سوچ کارفرما ہے۔

قدرت کے عظیم سرمائے کا تحفظ جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل کا اختصاص رہا ہے۔کیونکہ اس غزل کی پرورش وپرداخت ہی دلکش فطرتی سرمائے کی آغوش میں ہوئی ہے۔یہی وجہ ہے کہ جدید اُردو غزل میں تخلیقی سطح پر ماحولیات کا عکس دیکھا جاسکتا ہے۔ہمدم کشمیری جموں وکشمیر کی جدید اُردو شاعری کا وہ معتبر نام ہے جن کی شاعری ہر حال میں اپنی سرزمین کے قدرتی سرمایے کو تحفظ دینے کے لئے کوشاں نظر آتی ہے۔اسی لئے ان کی شاعری کے اظہار کے سانچوں میں بھی فطرت کے تحفظ کی ترغیب ملتی ہیں جس کا اظہار وہ کچھ اس طرح کرتے ہیں۔

موسمِ گل میں بھی ہم اُداس رہے
ہم کہ شائستۂ بہار نہ تھے
کرنا پڑا ہے کس لئے اپنا سفر تمام
تھے کون وہ جو دشت سے گلزار لے گئے۔[19]
میرے اطراف میں کتنے ہی پرندے خاموش
ہیں کوئی کامل فن کار سلیمانی میں
میرا بدن تمام زخم ہیں مگر یہ سوچئے زرا
مرا لہو رواں ہوا ہے کس گلاب کے لئے

ان اشعار کے پس پردہ اس سرزمین کے عصری ماحولیاتی مسائل کا عکس نظر آتا ہے کہ کس طرح سے جدید دور کا انسان اپنی تباہی کا سامان خود تیار کر رہا ہے۔یہاں غزل گو نے خود کلامی کے انداز میں اس دنیا کی حالت زار کو نہایت فنی انداز میں بیان کیا۔وہ استعاراتی انداز میں جدید دور کے انسان پر طنز کرتے ہیں کہ جدید دور کے انسان کو موسم بہار میں بھی خوشیاں میسر نہیں بلکہ اس دلکش لمحہ میں بھی وہ مغموم اور پریشان ہے جو جدید دور کا سب سے بڑا المیہ ہے۔لیکن وہ خود ہی استفہامیہ انداز میں اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ وہ کون سے محرکات ہیں جن کی وجہ سے انسان کو زوال کی طرف جانا پڑا۔غرض ان الفاظ میں اس بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ در حقیقت انسان ہی اس بربادی کا ذمہ دار ہے۔وہ تلمیح کے ذریعے اس بات کی طرف توجہ مبذول کرواتے ہیں کہ ہمارے گردوپیش میں جو پرندیں جمع ہیں وہ خاموش ہیں اب تو حضرت سلیمان علیہ سلام جیسا پیامبر ہی ان کی روداد سن کر ان کی پریشانیوں کا مداوا کر سکتا ہے۔جس انداز سے فنکار نے اسلامی تاریخ کا سہارا لے کر جدید دور کے حساس ماحولیاتی مسلئے کی طرف سوچنے پر مجبور کیا ہے وہ انسانی اذہان کو عمل کی دعوت دیتا ہے۔آخر میں فنکار اپنے ایک مثبت سوچ کے ساتھ سامنے آتے ہیں کہ گرچہ میر سارا جسم ذخمی ہیں لیکن اس کے باوجود بھی میرا لہو کسی گلاب کی آبیاری کے لئے رواں ہیں در حقیقت شاعر کسی بھی قیمت پر فطرت کو استحصال سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں جس کے لئے وہ خون کی قربانی تک دینے کے لئے تیار ہے۔ان کے اس استعاراتی نظام کے حوالے سے عرفان صدیقی "دھوپ لہو کی" کے تعارف میں کچھ یوں فرماتے ہیں۔"گلابوں کے لئے ان کا لہو رواں ہونا اُن کی شاعری کا بہت معنی خیز استعارہ ہے۔"[20]

یہ الفاظ اس بات کا ثبوت ہیں کہ یہ استعارہ فطرت کے تحفظ کے لئے سب سے موزوں اور معنی خیز ہیں۔کیونکہ اگر اس کو ماحولیاتی تناظر میں دیکھا جائے تو یہ انسانی اذہان کو قدرت کے نازک سرمائے کے تحفظ کی ترغیب دیتا ہے۔

جموں وکشمیر کی غزلیہ اُفق پر پرتپال سنگھ بیتاب ایک نئی حسیت اور فکر کے ساتھ نمودار ہوئے اور اُنہوں نے فطرت کے مختلف مسائل کا اظہار منفرد انداز میں کیا ہے۔ان کا تعلق گرچہ جدیدیت کے رجحان سے ہے اجتماعیت سے زیادہ انفرادیت جس کا طرہ امتیاز ہے لیکن انہوں نے ماحولیات کے مسائل کا اظہار گرچہ انفرادی سطح پر کیا ہے لیکن اپنی غزلوں میں اپنے گردوپیش کے ماحول کو فراموش نہیں کیا بلکہ ان کی شاعری میں ایک مفکرانہ اور دانشورانہ انداز پنہاں ہے۔انہوں نے فطرت اور ماحولیات کا ذکر منفرد انداز میں کچھ اس طرح کیا ہے۔

سب سے پہلے ہم نے اس کشتی کو جلایا
جس کشتی پر بیٹھ کر ہم ساحل تک آئے
لگی ہیں آگ ہر ایک سمت بیتاب
نہیں بچی کسی ٹہنی پہ آشیاں کی جگہ

19 Hamdam Kashmiri, *Dhoop Lahu ke*, (Srinagar:Roshan Khayal, 2003) 01-124.
20 Irfan Sadiqui,''Mara Lahu Rawa Howa kis Gulab ka Leya'',*Peshlafz Dhoop Lahu ke,* Srinagar, Roshan Khayal, (2003), 79.

درختوں کی ہری شاخیں گھنے سائے ضروری ہیں
پرندوں کا درختوں پر پھدکنا بھی ضروری ہے۔
یہ لازم ہیں سحر دم آئے کمرے میں کرن پہلی
مگر کھڑکی میں چڑیوں کا چہکنا بھی ضروری ہیں
میرے گلزار سے کوئی تتلی
رنگ موسم کا چرالے جاتے۔[21]

مندرجہ بالا اشعار میں جدید انسان کی صنعتی دور میں فطرت کے تئیں کم التفاتی، کم علمی اور اس کے ساتھ ہی ساتھ جدید انسان کے ہاتھوں اس انمول سرمائے کے استحصال اور انسان کی خود غرضی کو بہترین انداز میں پیش کیا ہے۔ کہ انسان فطرت کی ہر شئے کو اپنی میراث سمجھتا ہے اور اسے صرف اپنے فائدہ کے ذاویے سے ہی دیکھتا ہے۔ کہ گلستاں کی حالت اتنی خستہ ہے کہ کہیں بھی ایک چھوٹے سے آشیاں کی جگہ نہیں۔ شاعر ایک تعمیری سوچ کے ساتھ جدید مفاد پرست انسان کو یہ تلقین کرتے ہیں کہ درختوں کی ہری اور سبز شاخوں سے مستفید ہونا ضروری ہیں لیکن اس کے باوجود اُن میں پرندوں کا بسیرا بھی لازمی ہیں تاکہ اس کا اصل حسن برقرار رہے۔ وہ صبح کے سورج کی پہلی کرن کو لازمی گردانتے ہیں لیکن وہ صبح کو چڑیوں کے چہکنے کے خواہاں بھی ہے جو صبح کے حسن میں اضافہ کرتا ہے اور آخر میں وہ کچھ اُداس ہو کر یہ آرزو کرتے ہیں کہ کوئی تتلی ہی موسم کے رنگ چراتی، غرض ان اشعار میں جدید دور کے انسان کی ماحول کے تئیں ذہنیت سے بھی آگاہ کیا ہے اور ساتھ ہی ایک ماحول دوست اور سسٹن ایبل فیوچر کی بھی کرن نظر آتی ہے۔ ان اشعار میں غزل گو باطنی سطح پر کرب میں مبتلا نظر آتے ہیں۔

فاروق نازکی کی شاعری میں ماحولیات کے اعلیٰ مظاہر کا پرتو دیکھنے کو ملتا ہے کیونکہ وہ اپنی سرزمین کی مشترکہ تہذیب کے جمالیاتی عناصر سے اپنی غزلوں میں رنگ بھرتے ہیں۔ انہوں نے اپنی شاعری میں جموں وکشمیر کی تہذیب اور قدرتی سرمائے کو بہترین انداز میں کچھ اس طرح پیش کیا ہیں۔

چمن افسردہ، گل مُرجا گئے ہیں
خزاں کی زد پہ سارا گلستاں ہے۔
اب کبوتر بام پر آتے نہیں
شوخ پنچھی بام پر گاتے نہیں
دل دھڑکتے ہیں لالہ زاروں کے
آگ لگتی ہے جب چناروں میں
سرسراہٹ ہے شاخساروں میں
گھونسلہ ہے کوئی چناروں میں۔[22]

یہ اشعار بظاہر آسان معلوم ہوتے ہیں لیکن جب ہم اُنہیں ایک خاص سرزمین کے ماحولیاتی تناظر میں دیکھتے ہیں تو ان میں کئی رازوں سے پردہ اُٹھایا گیا ہے جو انسان کو سوچنے پر مجبور کرتے ہیں۔ وہ اپنی سرزمیں کے فطرتی مناظر کی طرف کاری کی توجہ مبذول کرواتے ہیں کہ پورے باغ میں مایوسی چھائی ہوئی ہیں اور پھولوں کی حالت بھی پژمردہ ہے غرض یہ کہ پورے چمن میں خزاں کا سا ماحول نظر آتا ہے۔ کبوتروں کا بام پر آنا اپنے اندر کہیں رازوں سے پردہ اُٹھاتا ہے کہ جن کی تہذیبی شناخت سے انکار ممکن نہیں۔ جو جموں وکشمیر کی طرز زندگی کا حصہ ہونے کے ساتھ ہی یہاں کی ماحولیاتی صاف و صفائی میں اہم رول ادا کرتے ہیں لیکن اُن کا وجود ہی عصر حاضر میں حاشیے پر ہے۔ فاروق نازکی چونکہ اپنی تہذیب کی گہرائیوں سے بہرہ مند تھے اُنہوں نے تہذیب اور فطرت کے ربط کو کچھ اس انداز سے پیش کیا ہے کہ جس میں ایک طرف وحشت بھی ہیں اور فطرت کے تحفظ کی ترغیب بھی کہ جب چناروں کو کسی سطح پر مجروح کیا جاتا ہے تو ان لالہ زاروں کے دل دھڑکتے ہیں کیونکہ چنار صرف پرندوں کی آمجگاہ ہی نہیں بلکہ یہ اُس تہذیب کا استعارہ ہیں جس کی پرورش یہاں کے صوفی سنتوں نے اپنے خونِ جگر سے کی ہیں۔ اسی لئے ان کی پریشانی لالہزاروں سے دیکھی نہیں جاتی۔ درحقیقت وہ یہاں کے لوگوں کے اذہان میں ماحولیاتی حساسیت کی مشعل فروزاں کرنا چاہتے ہیں۔

زمین اور عورت کا ابتداء سے ہی ایک اہم رشتہ رہا ہے یہی وجہ ہیں کہ ماحولیاتی تانیثیت جیسی تنقیدی اصطلاحوں کا بھی استعمال کیا گیا ہے۔ جموں وکشمیر میں جن شاعرات نے اپنی غزلوں میں اپنی سرزمین کے فطرتی سرمائے کی درد بھری کہانی بیان کی ہیں ان میں ترنم ریاض کا نام بھی کافی اہمیت کا حامل ہیں۔ اُنہوں نے جدید دور کے ماحولیاتی مسائل کو کچھ اس انداز میں پیش کیا ہے۔

مری کھڑکی پہ آ کے ایک بلبل
کوئی غمگیں نغمہ گا رہی ہے

21 Pritpal Singh Betaab*, Ek Jazeera Bich Samunder*, (New Delhi: Educational Publishing House, 2019) 01-200.
22 Farooq Nazki, *Lafz Lafz Noha*, (Srinagar: Tabish Publications, 1984) 01-177.

ایک جگہ پیڑوں کے جھرمٹ، آشیاں چڑیوں کے تھے
کچھ دکانیں، گاڑیاں، کچھ گھر کھڑے ہیں آجکل
ریگزاروں میں گلفشانی کریں
سارے صحرہ کو سبزہ زار کریں۔[23]

ترنم ریاض ایک شاعرہ ہے جس کے یہاں ماحولیاتی احساس منفرد انداز میں جلوہ گر نظر آتا ہے۔ وہ ایک بلبل کے مایوس نغمے کے ذریعے فطرت کے استحصال سے لوگوں کو آگاہ کرنا چاہتی ہیں کیونکہ ان اشعار کے اندر جو درد اور اضطراب ہیں اُس کو دور سے محسوس کیا جاسکتا ہے۔ قلمکار نے یہاں ماضی اور حال کی ماحولیاتی صورتحال کا تقابل کرتے ہوئے اس بات سے باور کرایا ہے کہ جہاں ماضی میں اشجار کے جھنڈ اور ان پر طائروں کے آشیانے ہوتے تھے اب وہاں صنعتی ترقی کی وجہ عمارتیں تعمیر کی گئی ہیں اور ان پرندوں کی قدرتی پناگاہوں کو ختم کردیا ہے۔ آخر میں شاعرہ ایک رجائی فکر کے ساتھ اس بات کی طرف توجہ مبذول کرواتی ہوئی نظر آتی ہیں کہ کسی بھی حالت میں صحرؤں میں گل بوٹے اگائے جائے تاکہ دنیا کا ماحولیاتی نظام معتدل رہے۔

مجموعی طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ ماحولیاتی تنقید جدید دور میں ادب کی تفہیم و تنقید کا ایک اہم پیمانہ ہے کیونکہ قدرتی سرمائے کا غیر منصفانہ استعمال اس دور کا اختصاص ہے جہاں ایک ایسے تنقیدی پیمانے کی ضرورت ہیں جس سے لوگوں میں ماحولیاتی حساسیت کے تصور کو پیدا کر کے ان پیچیدہ ماحولیاتی مسائل کا سدباب کیا جاسکے۔ یہاں جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل کا جائزہ جب ہم ماحولیاتی تنقید کے تناظر میں لیتے ہیں تو ان غزل گو شعراء کے ہاں ہمیں ماحولیاتی ادب کے مختلف پہلو نظر آتے ہیں۔ ان غزلوں میں انسان اور قدرت کے عظیم سرمائے کے باہمی میل جول، ربط اور اس کے ساتھ ہی ساتھ جدید صنعتی دور میں اس عظیم سرمائے کے استحصال کی عبرت ناک کہانی بیان کی ہے۔ ان شعراء کے یہاں ڈیپ اِکالوجی کی بھی بہترین مثالیں منفرد انداز میں دیکھنے کو ملتی ہیں اور اس کے ساتھ تہذیب اور فطرت کو بھی ایک ساتھ دیکھنے کی کوشش کی ہیں۔ علاوہ ازیں یہ غزلیں فطرت کی ویرانگی کو بھی محظوظ کرتے نظر آتی ہیں۔ مختصر یہ کہ اس غزل کی تمام پرتیں اسی تنقیدی تناظر میں تہ در تہ کھلتی ہیں کیونکہ ایک مخصوص پس منظر میں جب کسی چیز کو دیکھا جاتا ہے تو اس کے اسرار و رموز کے سارے در وا ہوتے ہیں۔ اس ادب میں ہمیں برطانوی اور امریکی ماحولیاتی ادب کے بھی واضح نقوش دیکھنے کو ملتے ہیں۔ مختصر یہ کہ جموں وکشمیر کی جدید اُردو غزل اپنی سرزمیں کے ماحولیاتی مسائل کے تدارک کے لئے تخلیقی سطح پر کوشاں نظر آتی ہیں یہی اس غزل کا اختصاص اور امتیاز بھی ہیں۔

---

**Hakem Değerlendirmesi:** Dış bağımsız.

**Çıkar Çatışması:** Yazar çıkar çatışması bildirmemiştir.

**Finansal Destek:** Yazar bu çalışma için finansal destek almadığını beyan etmiştir.

**Peer-review:** Externally peer-reviewed.

**Conflict of Interest:** The author has no conflict of interest to declare.

**Grant Support:** The author declared that this study has received no financial support.

---

## Kaynakça/References

Betaab, Pritpal Singh. *Ek Jazeera Bich Samunder*. New Delhi: Educational Publishing House, 2019.

Javid, Qudus. "Hakeem Manzoor Bahesyat Ghazal Goo" *Sheeraza.* 4-7 (2008) 35-55.

Kashmiri, Hamadi. *Shahr e Guman*. Srinagar: Computer City, 2005.

Kashmiri, Hamdam. *Dhoop Lahu ke*. Srinagar: Roshan Khayal, 2003.

Manzoor, Hakeem. *Sukhan Barf Zar*. Srinagar: Khabar o Nazar Publications, 2002.

Muzmar, Majeed. "Samna Zulmat ki Tabani ka". *Sheeraza*. 4-7 (2008) 166-181.

Nazki, Farooq. *Lafz Lafz Noha*. Srinagar: Tabish Publications, 1984.

Raaz, Raj Narayan. "Pash Guft Subah Shafaq Tilawat". *Sheeraza*. 4-7 (2008) 156-157.

Raaz, Rafiq, *Nakhl-e-Aab*.Srinagar: Takhbeer Publications, 2015.

---

23 Taranum Reyaz, *Purani Kitaboon ki Khoshboo*, (New Delhi: Educational Publishing House-2006) 01-187.

Reyaz, Taranum,*Purani Kitaboo ki Khushboo*. New Delhi:Educational Publishing House, 2006.

Sadiqui, Irfan. *Mara Lahu Rawa Howa kis Gulab ka Leya, Peshlafz Dhoop Lahu ke*. Srinagar: Roshan Khayal, 2003.